© rasailojaraid.com



دنیا میں جتنے بھی پیغمبر آئے ہیں ان سب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام و مرتبہ بلاشبہ بلند تر
ہے۔ آپ دنیا کے اکمل ترین انسان اور خاتم الانبیاء ہیں۔ آپؐ کی سیرت ایک ایسا موضوع ہے جس
ہر دور میں نئے نئے زاویوں سے جائزہ لیا جاتا رہا۔ اور یہ سلسلہ تا قیام قیامت قائم رہے گا۔
چنانچہ مولانا محمد ایوب ہاشمی نے بھی شانِ رسالت کے نام سے رواں دواں، شستہ، سہل اور سلجھی
ئی زبان میں سیرت پہ قلم اٹھایا ہے۔ جو ولادت سے تا وفات اہم معلومات کو جامع ہے۔ تحریر سے عمل کا
یہ پیدا ہوتا ہے یہی وہ چیز ہے جس نے کتاب کو انفرادیت بخش دی ہے۔ سیرت کے طلبہ کے لیے یہ مختصر
جامع کتاب ہے۔ بے حد مفید اور نافع ثابت ہوگی (ع ق ح)

**تنزیہ الٰہ** | از حکیم میاں عبدالقادر (فاضل دیوبند) صفحات ۲۷۸ قیمت درج نہیں۔
پتہ: بیت الحکمت - لوہاری منڈی - لاہور

اخبارات و رسائل اور ملکی و غیر ملکی ذرائع ابلاغ سے علم کم اور جہالت زیادہ پھیل رہی ہے۔ قرآن و
ث اور علوم نبوت تو در کنار، لوگوں سے توحید جیسا بنیادی عقیدہ بھی مخلوط ہو کر رہ گیا ہے۔ زیر
ر کتاب کے جملہ مضامین عقیدۂ توحید اور تنزیہ الٰہ کی تشریح و توضیح میں توحید، صفت باری تعالیٰ
باحق، ردّ شرک و دہریت، تصوّف، تخلیق کائنات، حزب اللہ، انسانی اعمال اور اس نوع کے دیگر
نوانات پر مشتمل یہ کتاب علمی تحقیقی اور معلوماتی اعتبار سے دلچسپ، مفید اور دریا بہ احباب اندر
مذاق ہے۔ خدا کرے کہ زیادہ سے زیادہ مقبول ہو کر امت کو زیادہ سے زیادہ نفع پہنچے۔ (ع ق ح)

---

بقیہ نقشِ آغاز

فراخدلی اور وسیع النظری کے وہ وہ مظاہرے کئے کہ عقل و خرد اور تدبیر و دانش سر پیٹ کر رہ گئے۔
در سمجھ نہیں آرہا ہے کہ ہم دینی قدروں سے عاری اور غیرت ملّی سے تہی دست کسی قوم کے فرد ہیں
اسلامی اقدار و حدود اور تعلیمات سے تہی دامن جاہل قوم یا پھر منافق اور یا پھر اتنے وسیع الظرف
روشن خیال و فراخ دل کہ جسکی وسعتوں میں ایمان و علم اور غیرت و حمیّت کی ہر ہر نشانی ڈوب کر رہ گئی
ہے۔

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل

سمیع الحق



© rasailojaraid.com